رکوع کی دعائیں

* سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡمِ. (کم از کم تین بار) (صحیح مسلم:1814)

میرا عظیم رب (ہر عیب سے) پاک ہے۔

* سُبُّوۡحٌ قُدُّوۡسٌ رَبُّ الۡمَلَائِکَةِ وَالرُّوۡحِ. (صحیح مسلم:1091)

منزہ اور پاک ذات جو فرشتوں اور جبریل کا رب ہے۔

* سُبۡحَانَکَ وَبِحَمۡدِکَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنۡتَ. (صحیح مسلم:1089)

پاک ہے تو اپنی تعریف کے ساتھ، تیرے سوا کوئی الہ نہیں۔

* سُبۡحَانَکَ رَبِّیۡ وَبِحَمۡدِکَ، اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡلِیۡ. (صحیح مسلم:1087)

پاک ہے تو، اے میرے رب! اپنی تعریف کے ساتھ، اے اللہ! مجھے بخش دے۔

* سُبۡحَانَکَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمۡدِکَ، اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡلِیۡ. (صحیح البخاری:794)

پاک ہے تو اے اللہ، اے ہمارے رب اور تیری ہی تعریف ہے، اے اللہ! مجھے بخش دے۔

* سُبۡحَانَکَ وَبِحَمۡدِکَ اَسۡتَغۡفِرُکَ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡکَ. (صحیح مسلم:1086)

پاک ہے تو اپنی تعریف کے ساتھ، میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔

* سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمۡدِهٖ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡهِ. (صحیح مسلم:1088)

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ، میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں اور اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

* سُبۡحَانَ ذِی الۡجَبَرُوۡتِ وَالۡمَلَکُوۡتِ وَالۡکِبۡرِیَاءِ وَالۡعَظَمَةِ. (سنن أبی داؤد:873)

پاک ہے وہ جو قہر والا ہے، بادشاہت والا ہے، بڑائی والا ہے اور عظمت والا ہے۔

* اَللّٰهُمَّ لَکَ رَکَعۡتُ وَبِکَ اٰمَنۡتُ وَلَکَ اَسۡلَمۡتُ خَشَعَ لَکَ سَمۡعِیۡ وَبَصَرِیۡ وَمُخِّیۡ وَعَظۡمِیۡ وَعَصَبِیۡ. (صحیح مسلم:1816)

اے اللہ! میں تیرے لیے جھک گیا اور تجھ پر ایمان لایا، تیرے سامنے سر تسلیم خم کیا، تیرے لیے میری سماعت، میری بصارت، میرے (ہڈیوں کے) گودے اور میری ہڈیوں اور میرے اعصاب نے خشیت اختیار کی۔

* اَللّٰهُمَّ لَکَ رَکَعۡتُ وَبِکَ اٰمَنۡتُ وَلَکَ اَسۡلَمۡتُ وَعَلَیۡکَ تَوَکَّلۡتُ اَنۡتَ رَبِّیۡ خَشَعَ سَمۡعِیۡ وَبَصَرِیۡ وَ دَمِیۡ وَلَحۡمِیۡ وَ عَظۡمِیۡ وَعَصَبِیۡ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ. (سنن النسائی:1052)

اے اللہ! میں تیرے لیے جھک گیا اور تجھ پر ایمان لایا، تیرے سامنے سر تسلیم خم کیا اور تجھی پر بھروسا کیا، تو ہی میرا رب ہے، میرے کانوں، میری آنکھوں، میرے خون، میرے گوشت، میری ہڈیوں اور میرے پٹھوں نے اللہ کے سامنے عاجزی اختیار کی جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

* اَللّٰهُمَّ لَکَ رَکَعۡتُ وَبِکَ آمَنۡتُ وَلَکَ اَسۡلَمۡتُ اَنۡتَ رَبِّیۡ خَشَعَ سَمۡعِیۡ وَبَصَرِیۡ وَمُخِّیۡ وَعَظۡمِیۡ وَعَصَبِیۡ وَمَا اسۡتَقَلَّتۡ بِهٖ قَدَمِیۡ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ. (مسند احمد:960)

اے اللہ! میں نے تیرے لیے رکوع کیا، تجھ پر ایمان لایا، تیرا فرماں بردار ہوا، تو ہی میرا رب ہے، میرے کان، میری آنکھیں، میرا دماغ، میری ہڈیاں اور میرے پٹھے تیرے سامنے جھکے ہوئے ہیں اور میرے قدم بھی اللہ رب العالمین کی خاطر جھکے ہوئے ہیں۔

06010101

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

پبلی کیشنز
AL-HUDA PUBLICATIONS

اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان فون: 1-4866130-51-92+ 9-4866125-51-92+ www.alhudapk.com www.farhathashmi.com